ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

مون سون ممکنہ بارشوں کے پیش نظر ٹریفک پولیس رین ایمرجینسی پلان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔آئی جی سندھ

کراچی 22 جولائی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے پولیس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ممکنہ مون سون بارشوں کے پیش نظر تھانوں کی سطح پر تمام تر اقدامات اُٹھاتے ہوئے ٹریفک پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کو یقینی بنایا جائے تا کہ رین ایمرجینسی پلان پر عمل درآمد کو غیر معمولی بنایا جا سکے۔

ترجمان سندھ پولیس کے مطابق آئی جی سندھ نے ہدایات جاری کی ہیں کہ ممکنہ بارشوں کے باعث نشیبی علاقوں اور زیر آب آجانیوالی سڑکوں کے متبادل روٹس جبکہ بارشوں سے متاثر ہونے والے شہریوں کی امداد کے لیئے ہر ممکن اقدامات کیئے جائیں تا کہ ٹریفک کی روانی کے ساتھ ساتھ شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ ضلعی ایس ایس پیز کراچی اور زونل ایس ایس پیز ٹریفک کراچی مربوط روابط کے تحت مفاد عامہ سے متعلق جملہ امور کو ممکن بناتے ہوئے ممکنہ بارشوں اور اسکی شدت کے پیش نظر متعلقہ پولیس افسران اور جوانوں کو بروقت امدادی کاموں کے حوالے سے باقاعدہ بریفنگ کے عمل کو یقینی بنائیں اور اس ضمن میں متعلقہ اداروں سے بھی رابطوں کو مربوط بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات جاری کیں کہ تمام ٹریفک لائٹس سگنلز، چوراہوں، ٹریفک جنکشنز اور بالخصوص ٹریفک دباؤ اور اسکے باعث جام ہوجانیوالی سڑکوں پر نا صرف ٹریفک کی روانی کے لیئے ٹریفک پولیس سے تعاون کیا جائے بلکہ موٹر سائیکل گشت اور پولیس ڈپلائمنٹ کو نمایاں مقامات پر رکھتے ہوئے ممکنہ جرائم کی روک تھام کو بھی یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے ٹریفک پولیس کو ہدایات جاری کیں کہ ممکنہ بارشوں کے پیش نظر زیر آب آجانیوالی سڑکوں/شاہراہوں سے پانی کی نکاسی کے حوالے سے متعلقہ ادارے سے مربوط رابطوں کے تحت ہر ممکن اقدامات کیئے جائیں جبکہ تھانہ جات اسی عمل کو شہر کے نشیبی علاقوں کے لیئے بھی یقینی بنائیں۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

آئی جی سندھ کا بڑا اقدام۔

محکمہ پولیس سندھ میں انویسٹی گیشن اور لاء کے انسپکٹرز کے لیئے فرسٹ پروبیشنر کورس کا آغاز کردیا گیا۔

کراچی 22 جولائی 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے آرٹس کونسل کراچی میں فرسٹ پروبیشنر کورس برائے انسپکٹرز انویسٹی گیشن اینڈ لاء کے آغاز کے حوالے سے منعقدہ خصوصی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

تقریب میں آمد پر ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن نے آئی جی سندھ کا خوش آمدیدم استقبال کیا اور مذکورہ کورس کے آغاز و تکمیل پر مقدمات کی تفتیش اور اس متعلق دیگر جملہ قانونی امور میں پولیس کی کارکردگی اور کامیابیوں کے تناسب میں مزید اضافے جیسی تفصیلات کا احاطہ کیا۔

ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ نے اس موقع پر بتایا کہ فرسٹ پروبیشنر کورس کی مدت تکمیل ایک سال پر مشتمل ہے اور یہ سندھ پولیس کی تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا کورس ہے جسکے تحت شعبہ تفتیش اور دیگر قانونی معاملات سے وابستہ انسپکٹرز کی استعدادی صلاحیتوں کو مزید تقویت دینے کے ضمن میں باقاعدہ ماہر اور تجربہ کار اساتذہ کی زیر نگرانی تربیت دی جائیگی۔انہوں نے مذید بتایا کہ اس کورس کا باقاعدہ آغاز پولیس ٹریننگ کالج سعید آباد میں کردیا گیا ہے جسمیں 233 پولیس انسپکٹرز حصہ لے رہے ہیں ان میں 152 انویسٹی گیشن اور 81 لاء/پراسیکیوشن کے انسپکٹرز شامل ہیں۔انہوں نے بتایا کہ جوڈیشل پالیسی کے تحت حال ہی میں بھرتی ہونیوالے مذکورہ پولیس انسپکٹرز کا یہ پہلا بیچ ہے۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے تقریب سے خطاب میں انویسٹی گیشن اور پراسیکیوشن/لاء کے کورس/تربیت میں حصہ لینے والے پولیس انسپکٹرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آج آپ جس سفر کا آغاز کرنے جارہے ہیں اس میں رکاوٹیں اور مشکلات ممکن تو ہیں مگر ان سے نمٹنا اور نکلنا ہرگز ناممکن نہیں ہے۔تربیت کا حصول مسلسل جدوجہد، مستقل مزاجی، محنت اور لگن کا مرہون منت ہے۔ان کا کہنا تھا کہ آپکی عملی زندگی میں کامیابی کا دارومدار خدمت انسانیت، ہر سطح پر غیر جانبدارانہ اقدامات اور سائیلین کی بروقت مدد اور تعاون پر ہوگا مجھے قوی امید ہے کہ آپ تمام تربیت کی کامیاب تکمیل کے بعد ایک ماہر اور فرض شناس پولیس آفیسرز کی حیثیت میں محکمہ پولیس سندھ کی نیک نامی میں مزید اضافہ کرینگے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

این اے 205 گھوٹکی ضمنی الیکشن کے موقع پر سیکیورٹی اقدامات کو انتہائی ٹھوس اور غیر معمولی بنایا جائے۔ آئی جی سندھ

کراچی 22 جولائی 2019ء۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے پولیس کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ قومی اسمبلی کے حلقہ 205 کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن کے موقع پر سیکیورٹی کے مجموعی اقدامات کو انتہائی ٹھوس اور غیر معمولی بنایا جائے۔

انہوں نے ڈی آئی جی سکھر کو ہدایات جاری کیں کہ سیکیورٹی کے مجموعی اقدامات کی بذاتِ خود مانیٹرنگ کو یقینی بناتے ہوئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ضابطہ اخلاق پر عمل درآمد کو تمام اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد اور تعاون سے ممکن بنایا جائے تا کہ غیر جانبدارانہ اور شفاف الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنایا جا سکے۔

آئی جی سندھ نے ایس ایس پی گھوٹکی کو ہدایات جاری کیں کہ تمام پولنگ اسٹیشنوں اور بالخصوص ممکنہ حساس پولنگ اسٹیشنوں پر اضافی نفری کی تعیناتیوں سمیت اطراف اور اندرونی حصوں میں سوئپنگ, کلیئرنس کے علاوہ ایڈوانس انٹیلی جینس کلیکشن, رینڈم اسٹیپ چیکنگ, گشت پکٹنگ, ریکی, نگرانی کے عمل کو بھی یقینی بنایا جائے تا کہ ضمنی الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواران, ووٹرز, پولنگ اسٹاف وغیرہ کی سیکیورٹی کے مجموعی امور کو غیر معمولی بنایا جا سکے۔

انہوں نے کہا کہ پولنگ کے عمل کے آغاز تا اختتام اور بعد ازاں بیلٹ باکسز کی مقررہ مقامات تک رسائی کے عمل کو ہر لحاظ سے محفوظ اور فول پروف بنایا جائے اور اس حوالے سے پولنگ افسران/ اسٹاف سے روابط کو مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔